تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 18 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اقامتی کوچنگ اکیڈمی میں سول سروسز (ابتدائی اور مین) امتحانات دو ہزار پچیس کی تیاری کے سلسلے میں مفت کوچنگ کے لیے درخواستیں مطلوب

اقامتی کوچنگ اکیڈمی (آرسی اے)،سینٹر فار کوچنگ اینڈ کیریئر پلاننگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سول سروسز (پری اور مین) امتحانات دو ہزار پچیس کی تیاری کے لیے مفت کوچنگ (دارالاقامہ کی سہولت کے ساتھ) کے سلسلے میں درخواستیں طلب کی ہیں۔اقلیتی، ایس سی، ایس ٹی اور خواتین امیدوار اس پروگرام کے لیے درخواستیں دے سکتے ہیں۔فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ (صرف آن لائن) انیس مئی دو ہزار چوبیس ہے۔

یونیورسٹی دس شہروں: دہلی، سری نگر، جموں، حیدرآباد، گوہاٹی، ممبئی، پٹنہ، لکھنؤ، بنگلورو اور ملاپورم میں انٹرنس امتحان منعقد کرے گی۔

آرسی اے، جامعہ ملیہ اسلامیہ طلبہ کی سول سروسز کی تیاری کے لیے مشہور ہے جو ایس سی، ایس ٹی، خواتین اور اقلیت فرقہ کے طلبا کو سول سروسز امتحانات کی تیاری کے لیے مفت کوچنگ فراہم کرتی ہے۔آرسی اے سول سروسز اور دیگر مقابلہ جاتی امتحانات کے امیدوار طلبہ کو بشمول چوبیس گھنٹے کتب خانے کی سہولت، بہترین ماحولیاتی نظام اور منظم آموزشی ماحول اور تربیت فراہم کرتی ہے۔

ماضی میں اس اکیڈمی کا ریکارڈ کافی اچھا رہا ہے جس میں سول سروسز میں یو پی ایس سی اور دیگر مرکزی و ریاستی سروسز کے ٹاپر بھی شامل ہیں۔اپنے قیام کے بعد سے آرسی اے کے چھے سو سے زیادہ طلبا کا سول سروسز میں اور دیگر مرکزی و ریاستی سروسز میں منتخب ہوئے ہیں۔

انٹرنس ٹسٹ، اہلیت، ٹسٹ مراکز اور دستیاب سہولیات سے متعلق تفصیلی معلومات جلد ہی یونیورسٹی کی ویب سائٹ

http://jmicoe.in

اور https://jmi.ac.in/cccp پر اپلوڈ کردی جائیں گیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی